(س-1) کون اندراج کرسکتا ہے؟
(س-2) مجھے نام درج کرانے کی ضرورت کیوں؟
(س-3) ایک الیکٹر کی حیثیت سے میں اپنا اندراج کیسے کرا سکتا ہوں؟
(س-4) اگر میں پہلے سے ایک درج شدہ الیکٹر ہوں تو مجھے اپنے اندراج کی تفصیلات (جیسا کہ درج کیا گیا پتہ، نام، ای میل ایڈریس اور رابطے کا نمبر) میں تبدیلی کیلئے کیا کرنا پڑے گا؟
(س-5) کیا نئے ووٹر کے اندراج اور اندراج کی تفصیلات کو تبدیل کرانے کی کوئی وقت کی مقررہ حد تعین ہے؟

(س-6) کیا نئے ووٹر کے اندراج کی درخواست جمع کرتے ہی میں انتخاب میں حصّہ لینے کا حقدار ہوجاتا ہوں؟ / رجسٹرڈ پتے میں تبدیلی کی درخواست جمع کرتے ہی کیا میں انتخاب میں نئے حلقے اور نئے بولنگ اسٹیشن سے حصّہ لینے کا حقدار ہو جاتا ہوں؟

(س-7) حال ہی میں جغرافیائی اعتبار سے متعارف کیے جانے والے دو نئے ووٹر کے اندراج کے فارم (REO-1 اور REO-2) کے درمیان کیا فرق ہے؟ مجھے کونسا فارم استعمال کرنا چاہیے؟

(س-8) میں نے کئی سال پہلے ایک عرضی جمع کی تھی۔ کیا مجھے دوبارہ درخواست جمع کرانے کی ضرورت ہے؟

(س-9) میں ستمبر ۲۰۱۹ کے آخر میں ۱۸ سال کا ہونگا جبکہ درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ ۲ جولائی ہے۔ کیا میں ابھی ایک الیکٹر کی حیثیت سے اپنا اندراج کرا سکتا ہوں؟

(س-10) میں مستقبل قریب میں ایک نئے فلیٹ میں قیام پزیر ہوجاوٴں گا۔ کیا مجھے اپنے نئے پتے کی تفصیلات ابھی سے رجسٹریشن اور الیکشن کے دفتر میں جمع کرا دینی چاہئیں؟

(س-11) کس طرح کے دستاویزات پتے کے ثبوت کے طور پر قبول کیے جاتے ہیں؟
(س-12) اگر میں اپنے پتے کے ثبوت کیلئے نام اور رہائشی پتے کے ساتھ کوئی بھی دستاویزات جمع نا کرا سکوں تو ایسے میں کونسے متبادل دستاویزات قابلِ قبول ہونگے؟

(س-13) اگر میرا نیا گھر ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ کے زیرِ انتظام عوامی رینٹل ہاؤسنگ کہ تحت ایک فلیٹ ہے یا پھر ہانگ کانگ ہاؤسنگ سوسائٹی کے زیرِ انتظام امدادی رہائش ہے تو اِس صورت میں کیا مجھے پتہ تبدیل کراتے وقت پتے کے ثبوت سے استثنیٰ حاصل ہوگا؟

(س-14) اگر مجھے کسی کے ووٹر اندراج کیلئے جمع کرائی گئیں تفصیلات پر شبہ ہو تو میں حکومتی اداروں کو کیسے مطلع کرسکتا ہوں؟

(س-15) اگر کوئی ووٹر اندراج کیلئے رجسٹریشن اور انتخابی دفتر میں جعلی رہائشی پتہ جمع کراتا ہے یا پتہ تبدیل کراتے وقت جعلی پتے کا ثبوت فراہم کرتا ہے تو ایسے میں وہ کونسی قانون کی دفعہ کی خلاف ورزی کرتا ہے؟

(س-16) اگر میں حال ہی میں مین لینڈ سے آیا ہوں، کیا میں بطور الیکٹر اپنا اندراج کرا سکتا ہوں؟

(س-17) مجھے الیکٹر کے اندراج کی فہرست پر درج کی گئیں اپنی تفصیلات کی درستگی کا کیسے پتا چل سکتا ہے؟

(س-18) کیا فنکشنل حلقے کے الکٹرز/ الیکشن کمیٹی کے ووٹرز بھی اپنا اندراج کرا سکتے ہیں؟

(س-19) کیا میری ذاتی معلومات کے تحفظ کیلئے کوئی انتظامات کیے گئے ہیں؟

(س-20) میں نے نئے ووٹر کے اندراج / درج کی گئیں تفصیلات میں ترمیم کی درخواست جمع کرادی ہے۔ مجھے یہ کیسے معلوم ہوگا کے رجسٹریشن اور انتخابی عمل کے دفتر نے میری درخواست پر عمل درآمد کرلیا ہے؟

(س-21) ووٹر اندراج سے متعلق مزید سوالات کے جوابات کیلئے میں کس محکمے سے رجوع کر سکتا ہوں؟

(س-1) کون اندراج کرسکتا ہے؟

ج-1) اگر آپ کی عمر ۱۸ سال سے زائد ہے اور آپ ہانگ کانگ کے مستقل مکین ہیں اور آپ کے بیشتر اوقات ہانگ کانگ کے اندر ہی گزرتے ہیں تو آپ ایک جغرافیائی حلقے کے الیکٹر کی حیثیت سے اپنا اندراج کروا سکتے ہیں۔

واپس اوپر جانے کے لئے

(س-2) مجھے نام درج کرانے کی ضرورت کیوں؟

ج-2) آپ انجمنِ قانون سازی اور ضلع کے انتخابات میں صرف تبھی اپنا حق رائے استعمال کر سکتے ہیں جب آپکا نام الیکٹر کے طور پر اندراج ہو۔ اِن اہم سطحوں پر آپکو اپنی پسند کا نمائندہ چننے کا پورا حق ہے۔ اگر آپ انتخابی کمیٹی کے انتخابات میں حق رائے استعمال کرنے کے اہل ہیں تو آپ کو عام انتخابات میں حصہ لینے کے لئے ایک ووٹر کی حیثیت سے اپنا اندراج کرانا لازمی ہے۔

واپس اوپر جانے کے لئے

(س-3) ایک الیکٹر کی حیثیت سے میں اپنا اندراج کیسے کرا سکتا ہوں؟

ج-3) اگر آپ کا الیکٹر کے طور پر اندراج نہیں ہوا اور آپ ایک جغرافیائی حلقے سے اپنا اندراج کرانا چاہتے ہیں تو آپ مندرجہ ذیل فارم کو پُر کرکے جمع کروائیں:
"درخواست برائے نئے ووٹر کا اندراج(جغرافیائی حلقوں)" (REO-1)۔

آپ درخواست برائے نئے ووٹر کا اندراج(جغرافیائی حلقوں) (REO-1) کو مندرجہ ذیل طریقوں سے حاصل کر سکتے ہیں:

- ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کرکے
- ہاٹ لائن 2891 1001 پر فیکس کے ذریعے اور
- ضلعی دفاتر، عوامی رہائش کے دفاتر، رجسٹریشن اور انتخابی کمیٹی کے دفاتر سے حصول کیے جا سکتے ہیں۔

رجسٹریشن اور انتخابی عمل کے دفاتر کا پتہ:

10/F Harbour Centre
25 Harbour Road
Wan Chai
Hong Kong

13/F Kowloonbay International Trade & Exhibition Centre
1 Trademart Drive
Kowloon Bay
Kowloon

درخواست پُر کرنے اور دستخط کرنے کے بعد آپ اِس درخواست کو رجسٹریشن اور انتخابی عمل کے دفتر بذریعہ پوسٹ، فیکس (فیکس نمبر: 2891 1180) یا ای میل (form@reo.gov.hk) یا رجسٹریشن اور انتخابی عمل کے آن لائن پلیٹ فارم (www.reo-form.gov.hk) پر فارم اپ لوڈ کر سکتے ہیں۔

اگر آپکے پاس ہانگ کانگ پوسٹ یا ڈجی سائن لمیٹڈ سے جاری کردہ درست ڈیجیٹل سند ہو تو آپ اس صورت میں آن لائن درخواست بذریعہ ووٹر رجسٹریشن ہانگ کانگ حکومت بھی جمع کر سکتے ہیں۔

ایک فنکشنل حلقے کے الیکٹر اور الیکشن کمیٹی کے ووٹر کی حیثیت سے اپنا اندراج کرانے کے لیے یہاں دبائیں۔

واپس اوپر جانے کے لئے

(س-4) اگر میں پہلے سے ایک درج شدہ الیکٹر ہوں تو مجھے اپنے اندراج کی تفصیلات (جیسا کہ درج کیا گیا پتہ، نام، ای میل ایڈریس اور رابطے کا نمبر) میں تبدیلی کیلئے کیا کرنا پڑے گا؟

ج-4) ۱ فروری ۲۰۱۸ سے متعارف ہونے والے طریقے کے مطابق، اگر آپ کا اندراج ایک ایلکٹر کی حیثیت سے ہوچکا ہے اور آپ اپنے اندراج کی تفصیلات کی تبدیلی کرانا چاہتے ہیں تو آپ کو ایک درخواست نامہ "رپورٹ برائے الیکٹر کی درج کی گئیں تفصیلات میں تبدیلی" (REO-2) پُر کرکے جمع کرنا ہوگا۔

توجہ رہے: قانونی اعتبار سے، درخواست برائے پتے کی تبدیلی ایک پتے کے ثبوت کے ساتھ جمع ہونی چاہیے۔ آپ اِس زمرے میں پتے کے ثبوت کے طور پر قبول کیے جانے والے نمونے A-11 سے A-13 رجوع کر سکتے ہیں۔

آپ "رپورٹ برائے الیکٹر کی درج کی گئیں تفصیلات میں تبدیلی" (REO-2) مندرجہ ذیل طریقوں سے حاصل کر سکتے ہیں:

- ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کرکے
- ہاٹ لائن 2891 1001 پر فیکس کے ذریعے اور
- ضلعی دفاتر، عوامی رہائش کے دفاتر، رجسٹریشن اور انتخابی کمیٹی کے دفاتر سے حصول کیے جا سکتے ہیں۔

رجسٹریشن اور انتخابی عمل کے دفاتر کا پتہ:

10/F Harbour Centre
25 Harbour Road
Wan Chai
Hong Kong

13/F Kowloonbay International Trade & Exhibition Centre
1 Trademart Drive
Kowloon Bay
Kowloon

درخواست پُر کرنے اور دستخط کرنے کے بعد آپ اِس درخواست کو بجمح پتے کے ثبوت (پچھلے ۳ ماہ کے اندر اندر جاری کردہ ثبوت) رجسٹریشن اور انتخابی عمل کے دفتر بذریعہ پوسٹ، فیکس (فیکس نمبر: 1180 2891) یا ایمیل (form@reo.gov.hk)) یا رجسٹریشن اور انتخابی عمل کے دفتر کے آن لائن پلیٹ فارم پر فارم اپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ (www.reo-form.gov.hk)

اگر آپکے پاس ہانگ کانگ پوسٹ یا ڈجی سائن لمیٹڈ سے جاری کردہ درست ڈیجیٹل سند ہو تو آپ اس صورت میں آن لائن درخواست بذریعہ ووٹر رجسٹریشن ہانگ کانگ حکومت بھی جمع کر سکتے ہیں۔

اوپر درج کی گئیں تفصیلات کے علاوہ، اگر آپ ایک رجسٹرڈ الیکٹر ہیں اور آپ اپنا ای میل ایڈریس فراہم کرنا چاہتے ہیں، تو آپ یہ تفصیلات رجسٹریشن اور انتخابی عمل کے دفتر بذریعہ ویب سائٹ (http://www.osp.reo.gov.hk/index_e.html) یا ای میل ایڈریس (reoenq@reo.gov.hk) پہنچا سکتے ہیں۔

واپس اوپر جانے کے لئے

(س-5) کیا نئے ووٹر کے اندراج اور اندراج کی تفصیلات کو تبدیل کرانے کی کوئی وقت کی مقررہ حد تعین ہے؟

ج-5) انتخاب کیلئے اہل رہائشی/ رجسٹرڈ ایلکٹرز سال کے کسی بھی وقت درخواست برائے نئے ووٹر کے اندراج/ درج کی گئیں تفصیلات کی تبدیلی جمع کروا سکتے ہیں۔ البتہ اگر درخواست گزار اپنا اندراج اور تفصیلات میں تبدیلی ایک ساتھ ہی کروانے کا خواہش مند ہو تو درخواست دفتر میں جمع کرانے کی آخری تاریخ مندرجہ ذیل درج ہیں:

نئے ووٹر کا اندراج

ضلعی انجمن الیکشن سال (مثلاً ۲۰۱۹) : ۲ جولائی
نان ضلعی انجمن الیکشن سال (مثلاً ۲۰۲۰) : ۲ مئی

درخواست برائے تفصیلات کی تبدیلی

ضلعی انجمن الیکشن سال مثلاً ۲۰۱۹: ۲ جون
نان ضلعی انجمن الیکشن سال مثلاً ۲۰۲۰: ۲ اپریل

اگر درخواست اوپر درج کی گئیں حد مقررہ کے بعد جمع کرائی جاتی ہے، تو اُس درخواست پر عمل اگلے ووٹر اندراج کے سائیکل میں ہوپائے گا۔

واپس اوپر جانے کے لئے

(س-6) کیا نئے ووٹر کے اندراج کی درخواست جمع کرتے ہی میں انتخاب میں حصّہ لینے کا حقدار ہوجاتا ہوں؟ / رجسٹرڈ پتے میں تبدیلی کی درخواست جمع کرتے ہی کیا میں انتخاب میں نئے حلقے اور نئے پولنگ اسٹیشن سے حصّہ لینے کا حقدار ہو جاتا ہوں؟

ج-6) موجودہ قانون کے تحت، رجسٹریشن اور انتخابی عمل کا دفتر حلقہ بندیاں اور پولنگ اسٹیشنز ہر سال ایک بار اپ ڈیٹ ہونے والے حتمی رجسٹر آف الیکٹرز کے تحت منصوب کرے گا۔ اگر اگلے حتمی رجسٹر کے آنے سے قبل (ستمبر ۲۰۱۹) کوئی ضلعی/ قانون ساز کمیٹی کے انتخابات ہوتے ہیں تو اِس صورت میں رجسٹریشن اور انتخابی عمل کا دفتر پچھلے سال کے حتمی رجسٹر (جولائی ۲۰۱۸) کے مطابق حلقہ بندیاں اور پولنگ اسٹیشنز منصوب کرے گا۔

لہٰذا، جو لوگ نئے ووٹر کے اندراج کی درخواست ۲۰۱۹ کے ووٹر رجسٹریشن سائیکل (۳ مئی ۲۰۱۸ سے لیکر ۲ جولائی ۲۰۱۹ تک) میں جمع کروا رہے ہیں، وہ اپنا حقِ رائے دہی استعمال ستمبر ۲۰۱۹ کے فائنل رجسٹر شائع ہونے کے بعد ہی کرسکتے ہیں۔

اُن الیکٹرز کیلئے جنہوں نے پتے کی تبدیلی کی درخواست ۲۰۱۹ کے ووٹر رجسٹریشن سائیکل (۳ اپریل ۲۰۱۸ سے لیکر ۲ جون ۲۰۱۹ تک) میں جمع کروائی ہے، اگر کسی قسم کا ضمنی یا ضلعی الیکشن ستمبر ۲۰۱۹ میں شائع ہونے والے حتمی رجسٹر سے پہلے ہوتا ہے تو اُس صورت میں اُن الیکٹرز کو اُنکا پرانا حلقہ اور پولنگ اسٹیشن دیا جائے گا (۲۰۱۸ کے الیکٹرز رجسٹر کے مطابق)۔

واپس اوپر جانے کے لئے

(س-7) حال ہی میں جغرافیائی اعتبار سے متعارف کیے جانے والے دو نئے ووٹر کے اندراج کے فارم (REO-1 اور REO-2) کے درمیان کیا فرق ہے؟ مجھے کونسا فارم استعمال کرنا چاہیے؟

ج-7) ۱ فروری ۲۰۱۸ کے بعد سے، ضرورت کے مطابق ووٹر کو درست درخواست نامہ جمع کرانا ضروری ہے۔ اسکا انحصار اسپر ہے کہ درخواست گزار رجسٹرڈ ووٹر ہے یا نہیں۔ ایک ایسا شخص جو تاحال رجسٹرڈ ووٹر نہیں ہے اور اپنا اندراج ایک جغرافیائی حلقے کے ووٹر کی حیثیت سے کرانا چاہتا ہے، اُسکو REO-1 درخواست برائے نئے ووٹر کا اندراج استعمال کرنا ہوگا۔ اگر ایک رجسٹرڈ ووٹر جو صرف اپنی تفصیلات میں تبدیلی کا خواہش مند ہے اُسے REO-2 رپورٹ برائے الیکٹر کی درج کی گئیں تفصیلات میں تبدیلی کا فارم استعمال کرنا ہوگا۔

الیکٹر کی حیثیت سے اپنے اندراج کی تصدیق کیلئے یا اپنی تفصیلات کی درستگی معلوم کرنے کیلئے آپ آن لائن ووٹر تفصیلات کی ویب سائٹ رجوع کر سکتے ہیں (www.voterinfo.gov.hk) یا آپ رجسٹریشن اور انتخابی عمل کے دفتر کال کرسکتے ہیں (۲۸۹۱ ۱۰۰۱)

واپس اوپر جانے کے لئے

(س-8) میں نے کئی سال پہلے ایک عرضی جمع کی تھی۔ کیا مجھے دوبارہ درخواست جمع کرانے کی ضرورت ہے؟

ج-8) اگر آپ پہلے کبھی اپنا اندراج کرا چکے ہیں تو آپ کو دوبارہ اندراج کرانے کی قطعاً ضرورت نہیں۔ الیکٹر کی حیثیت سے اپنے اندراج کی تصدیق کیلئے یا اپنی تفصیلات کی درستگی معلوم کرنے کیلئے آپ آن لائن ووٹر تفصیلات کی ویب سائٹ رجوع کر سکتے ہیں (www.voterinfo.gov.hk) یا آپ رجسٹریشن اور انتخابی عمل کے دفتر کال کرسکتے ہیں (۲۸۹۱ ۱۰۰۱)

جن الیکٹرز کی درج کی گئیں تفصیلات میں غلطی ہو، انکو اپنا حقِ رائے دہی استعمال کرنے میں دشواری پیش آسکتی ہے۔ اگر آپ اپنے اندراج کی تفصیلات کی تبدیلی کرانا چاہتے ہیں تو آپ کو ایک درخواست نامہ "رپورٹ برائے الیکٹر کی درج کی گئیں تفصیلات میں تبدیلی" (REO-2) پُر کرکے بجمح پتے کے ثبوت (پچھلے ۳ ماہ کے اندر اندر جاری کردہ ثبوت) اور دستخط کرکے جمع کرانا ہوگا تاکہ آپ کی تفصیلات REO اپ ڈیٹ رکھ سکے۔

واپس اوپر جانے کے لئے

(س-9) میں ستمبر ۲۰۱۹ کے آخر میں ۱۸ سال کا ہونگا جبکہ درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ ۲ جولائی ہے۔ کیا میں ابھی ایک الیکٹر کی حیثیت سے اپنا اندراج کرا سکتا ہوں؟

ج-9) اگر آپ ۲۵ ستمبر ۲۰۱۹، جب آخری رجسٹر شائع ہوتا ہے، کو یا اِس تاریخ سے پہلے پہلے ۱۸ سال کی عمر کے ہوجاتے ہیں اور آپ ہانگ کانگ کے مستقل شہری بھی ہیں تو آپ ابھی اپنا الیکٹر کے طور پر اندراج کرانے کے اہل ہیں۔

واپس اوپر جانے کے لئے

(س-10) میں مستقبل قریب میں ایک نئے فلیٹ میں قیام پزیر ہوجاؤں گا۔ کیا مجھے اپنے نئے پتے کی تفصیلات ابھی سے رجسٹریشن اور الیکشن کے دفتر میں جمع کرا دینی چاہئیں؟

ج-10) اگر آپ اپنے اندراج کی تفصیلات کی تبدیلی کرانا چاہتے ہیں تو آپ کو ایک درخواست نامہ "رپورٹ برائے الیکٹر کی درج کی گئیں تفصیلات میں تبدیلی" (REO-2) پُر کرکے بجمح پتے کے ثبوت (پچھلے ۳ ماہ کے اندر اندر جاری کردہ ثبوت) اور دستخط کرکے جمع کرانا ہوگا۔ اگر آپ نے رجسٹریشن اور انتخابی عمل کے دفتر کو وقت کی مقرر حد سے پہلے پہلے اطلاع دیدی ہے تو آپکا نیا پتہ ۲۰۱۹ کے آخری رجسٹر میں شائع ہوگا۔

واپس اوپر جانے کے لئے

(س-11) کس طرح کے دستاویزات پتے کے ثبوت کے طور پر قبول کیے جاتے ہیں؟

ج-11) رجسٹریشن اور انتخابی عمل کا دفتر مندرجہ زیل دستاویزات صرف اس صورت میں قبول کرے گا اگر وہ پچھلے ۳ ماہ کے اندر اندر جاری کردہ دستاویزات ہوں اور ان پر تصدیق شدہ تاریخ اور اسکو جاری کرنے والے ادارے کا نام درج ہو۔ اِسکے علاوہ دستاویزات پر الیکٹر کا نام اور مستقل پتہ بھی درج

ہونا ضروری ہے (دستاویزی ثبوت پر نام اور پتہ درخواست پر درج کیے گئے نام اور پتے سے مماثلت رکھتا ہو):
۱) بِل یا حکومتی اداروں سے جاری کردہ رسیدیں مثلاً بِل برائے پانی، بجلی یا گیس۔

۲) حکومتی اداروں یا عدلیہ سے کسی بھی قسم کے خط و کتابت۔
۳) بینکس، انشورنس ادارے یا منڈیٹری پرووِیڈنٹ فنڈ سے جاری کردہ کوئی بھی دستاویزی بیان یا خط و کتابت۔
۴) بِل برائے لینڈ لائن فون، موبائل فون، ٹی وی یا انٹرنیٹ کی سہولیات۔
۵) مقامی پوسٹ سیکنڈری تعلیمی اداروں سے جاری کردہ دستاویزی ثبوت یا بِل۔
۶) درست اور تصدیق شدہ کرایہ داری کا ثبوت (۳ ماہ کے اندر جاری کردہ دستاویز اس صورت میں لازمی نہیں مگر کرایہ داری کی مدّت کم ازکم درخواست کی تاریخ کے آس پاس ہونی چاہئے۔
۷) ہسپتال کی انتظامیہ، رہائشی ادارے، ہانگ کانگ ہاؤسنگ سوسائٹی، ہانگ کانگ امتحانی بورڈ وغیرہ سے جاری کردہ بِل، خط و کتابت یا کوئی اور دستاویزی ثبوت۔

واپس اوپر جانے کے لئے

(س-12) اگر میں اپنے پتے کے ثبوت کیلئے نام اور رہائشی پتے کے ساتھ کوئی بھی دستاویزات جمع نا کرا سکوں تو ایسے میں کونسے متبادل دستاویزات قابلِ قبول ہونگے؟

ج-12) الیکٹر کے ذاتی پتے کے ثبوت کے علاوہ، رجسٹریشن اور انتخابی عمل کا دفتر مندرجہ ذیل دستاویزات، جو پچھلے تین ماہ کے دوران جاری کیے گئے ہوں اور ان پر تاریخ اور ادارے کا نام درج ہو، بھی قبول کرتا ہے:

- ایک پتے کے ثبوت کا دستاویزی بیان جس پر اُس شخص کا نام اور پتہ درج ہو جسکے ساتھ الیکٹر رہائش پذیر ہے۔ ساتھ میں الیکٹر کی طرف سے دستخط کردہ اقراری بیان بھی ضروری ہے جس پر یہ درج ہو کہ ایک دوسرا شخص الیکٹر کے ساتھ اسی پتے پر رہائش پذیر ہے اور یہ کہ منسلک کیے گئے پتے کا ثبوت اصل پتے کے ثبوت کی مستند کاپی ہے۔ اقرار ناموں کے نمونے رجسٹریشن اور انتخابی
  عمل کی ویب سائٹ (http://www.reo.gov.hk/en/voter/dra.htm) سے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

- اگر الیکٹر اوپر درج کیے گئے کوئی بھی دستاویزی ثبوت دینے میں ناکام رہتا ہے تو اُس صورت میں رجسٹریشن اور انتخابی عمل کا دفتر الیکٹر کی جانب سے ایک اقرار نامہ بھی قبول کرتا ہے جسکو کمیشنر آف اوتھس/فاضل جج برائے امن کے سامنے لکھا گیا ہو اور جس میں ورٹیو آف اوتھس اور ڈیکلریشن آرڈیننس (کیپ ۱۱) کے مطابق درج کیے گئے پتے کا حلف نامہ موجود ہو۔ عوام میں جن لوگوں کو حلف نامے کی ضرورت ہے وہ یہ سہولت ضلعی دفاتر سے مفت حاصل کرسکتے ہیں۔ حلف ناموں کے نمونے رجسٹریشن اور انتخابی عمل کی ویب سائٹ (http://www.reo.gov.hk/en/voter/dra.htm) سے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

واپس اوپر جانے کے لئے

(س-13) اگر میرا نیا گھر ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ کے زیرِ انتظام عوامی رینٹل ہاؤسنگ کہ تحت ایک فلیٹ ہے یا پھر ہانگ کانگ ہاؤسنگ سوسائٹی کے زیرِ انتظام امدادی رہائش ہے تو اِس صورت میں کیا مجھے پتہ تبدیل کراتے وقت پتے کے ثبوت سے استثنیٰ حاصل ہوگا؟

ج-13) اُن الیکٹرز کیلئے جن کا نیا گھر ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ کے زیرِ انتظام عوامی رینٹل ہاؤسنگ کہ تحت ایک فلیٹ ہے یا پھر ہانگ کانگ ہاؤسنگ سوسائٹی کے زیرِ انتظام امدادی رہائش ہے تو اِس صورت میں اگر کرائے نامے پر درج کردہ پتہ الیکٹر کے فراہم کردہ پتے سے مماثلت رکھتا ہے تو پتے کے ثبوت کی ضرورت درگزر کی جاسکتی ہے۔
البتہ اُن رہائشیوں کیلئے جنہوں نے مکانات ہوم اونرشپ اسکیم/ گرین فورم سبسڈی ہوم اؤنرشپ اسکیم یا عوامی ہاؤسنگ یونٹس سے خرید لیے ہیں(مثلاً ٹینانٹس پرچیز اسکیم کے تحت فروخت کیے گئے فلیٹس)، ان پر پتے کا ثبوت یا پتے کا تصدیق نامہ جمع کرانا لازمی ہے۔

اُن حالات میں جب الیکٹورل رجسٹریشن آفیسر دی گئیں تفصیلات کو متعلقہ ادارے سے تصدیق نا کر سکے تو ایسے میں الیکٹر کا یہ فرض ہے کہ جب وہ رجسٹرڈ پتے کی تبدیلی کیلئے درخواست دائر کرے تو ساتھ میں ایک پتے کا ثبوت بھی جمع کرے۔ یہ قانونی اعتبار سے دفع A10 آف الیکٹورل افیئرز کمیشن (رجسٹریشن آف الیکٹر)(لیجسلیٹو کونسل جغرافیائی حلقے) (ضلعی کونسل حلقے) (CAP. 541A) کے زمرے میں آتی ہے۔

واپس اوپر جانے کے لئے

(س-14) اگر مجھے کسی کے ووٹر اندراج کیلئے جمع کرائی گئیں تفصیلات پر شبہ ہو تو میں حکومتی اداروں کو کیسے مطلع کرسکتا ہوں؟

ج-14) موجودہ ووٹر اندراج کا نظام درخواست گزار کی ایمانداری پر انحصار کرتا ہے تاکہ اندراج کا نظام عوام کی سہولت بن سکے۔ جو لوگ اندراج کیلئے اہل ہیں یا جو الیکٹر اپنی تفصیلات تبدیل کرنا چاہتے ہیں دونوں کو چاہیے کہ درست معلومات فراہم کریں۔ اگر کسی بھی شخص کو کسی کی فراہم کی گئیں معلومات پر شک و شبہ ہو تو وہ رجسٹریشن اور انتخابی عمل کے دفتر میں شکایات درج کرا سکتا ہے۔ دفتر کے حکام پھر اِس معاملے کو قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب بھیج دیں گے تاکہ درست تحقیقات ہو سکیں۔ عوام کو قوانین توڑنے سے سختی سے ممنوع کیا جاتا ہے

واپس اوپر جانے کے لئے

(س-15) اگر کوئی ووٹر اندراج کیلئے رجسٹریشن اور انتخابی دفتر میں جعلی رہائشی پتہ جمع کراتا ہے یا پتہ تبدیل کراتے وقت جعلی پتے کا ثبوت فراہم کرتا ہے تو ایسے میں وہ کونسی قانون کی دفعہ کی خلاف ورزی کرتا ہے؟

ج-15) کوئی بھی شخص جو جان بوجھ کر غلط معلومات رجسٹریشن اور انتخابی عمل کے دفتر (مثلاً غلط پتہ) فراہم کرے، چاہے وہ شخص انتخاب میں حصہ لے یا نہیں، ایک جرم کا مرتکب قرار پاتا ہے۔ اگر ایسا شخص انتخاب میں حصّہ لے تو وہ انتخابی قوانین کی دفع 16 (کرپٹ اینڈ اللیگل کنڈکٹ) (CAP 554) کو

توڑتا ہے جسے کرپشن کے خلاف ادارہ نافذ کرتا ہے۔ اس جرم کی سزا 500,000 ڈالر تک کا جرمانہ اور 7 سال تک قید ہے۔

اس کے علاوہ، اگر ایک الیکٹر جعلی پتے کا ثبوت اس نیت سے جمع کرتا ہے کہ رجسٹریشن افسر اُس جعلی ثبوت کو درست ثبوت کے طور پر قبول کرلے تو اس شخص نے نقل کا جرم کیا ہے۔ قوانین کی دفع نمبر 71 آف کرائمز آرڈیننس (CAP 200) کے تحت ایک شخص جو نقل کا جرم کرتا ہے اُسے قانونی چارہ جوئی کا سامنا کرتے ہوئے 14 سال تک کی قید کی سزا سنائی جا سکتی ہے۔

واپس اوپر جانے کے لئے

(س-16) اگر میں حال ہی میں مین لینڈ سے آیا ہوں، کیا میں بطور الیکٹر اپنا اندراج کرا سکتا ہوں؟

ج-16) اٹھارہ سال سے زائد تمام ہانگ کانگ کے مستقل شہری جن کے اکثر اوقات ہانگ کانگ میں ہی گزرتے ہیں، الیکٹر کے اندراج کیلئے درخواست دائر کر سکتے ہیں۔

واپس اوپر جانے کے لئے

(س-17) مجھے الیکٹر کے اندراج کی فہرست پر درج کی گئیں اپنی تفصیلات کی درستگی کا کیسے پتا چل سکتا ہے؟

ج-17) معلومات کے معائنے کیلئے ایک آخری رجسٹر ۲۵ جولائی ۲۰۱۸ کے بعد سے مفت جاری کردیا گیا ہے۔ رجسٹرڈ الیکٹرز اپنی معلومات کی درستگی معلوم کرنے کیلئے اس جاری کردہ رجسٹر سے رجوع کر سکتے ہیں۔ آپ اپنی تفصیلات آن لائن ووٹر انفارمیشن انکوائری سسٹم (www.voterinfo.gov.hk) یا رجسٹریشن اور انتخابی عمل کے دفتر (2891 1001) سے بھی معلوم کر سکتے ہیں۔

واپس اوپر جانے کے لئے

(س-18) کیا فنکشنل حلقے کے الکٹرز/ الیکشن کمیٹی کے ووٹرز بھی اپنا اندراج کرا سکتے ہیں؟

ج-18) جو لوگ فنکشنل حلقوں/ الیکشن کمیٹی کیلئے اندراج کے اہل ہیں وہ اپنا اندراج ابھی سے کروا سکتے ہیں۔ اگر وہ اپنی درخواست ۲ جولائی ۲۰۱۹ کو یا اِس سے پہلے جمع کرا دیتے ہیں، ان کے نام ستمبر ۲۰۱۹ میں شائع ہونے والے فنکشنل حلقوں/ الیکشن کمیٹی کے آخری رجسٹر میں درج ہوجائیں گے۔ اگر وہ اپنی درخواست مقررہ وقت کے بعد جمع کرواتے ہیں تو ان کا نام اگلے سال کے رجسٹر میں شائع ہو پائیں گے۔
فنکشنل حلقوں کے ووٹر / الیکشن کمیٹی کے الیکٹر کے اندراج سے متعلق معلومات کیلئے برائے مہربانی یہاں دبائیں۔

واپس اوپر جانے کے لئے

(س-19) کیا میری ذاتی معلومات کے تحفظ کیلئے کوئی انتظامات کیے گئے ہیں؟

ج-19) آپ کو یقین دلایا جاتا ہے کہ آپکی تفصیلات صرف اور صرف ووٹر اندراج اور انتخابی عمل کیلئے استعمال ہونگی۔ رجسٹریشن اور انتخابی عمل کے دفتر نے آپکی تفصیلات کی حفاظت کیلئے ہر ممکنہ قدم اٹھایا ہوا ہے۔ شائع ہونے والے رجسٹر میں صرف اور صرف نام اور پتہ درج ہوتا ہے۔ ان رجسٹر میں کہیں بھی شناختی کارڈ نمبر یا فون نمبر درج نہیں ہوتا۔ ایک رجسٹر سے معلومات انتخابی مہم کے علاوہ کسی بھی مقصد کے لئے استعمال کرنا انتخابی قوانین کی خلاف ورزی ہے اور لیویل دوم کے جرمانے اور چھ ماہ تک کی قید کی سزا سنائی جا سکتی ہے۔

واپس اوپر جانے کے لئے

(س-20) میں نے نئے ووٹر کے اندراج / درج کی گئیں تفصیلات میں ترمیم کی درخواست جمع کرادی ہے۔ مجھے یہ کیسے معلوم ہوگا کے رجسٹریشن اور انتخابی عمل کے دفتر نے میری درخواست پر عمل درآمد کرلیا ہے؟

ج-20) رجسٹریشن اور انتخابی عمل کا دفتر تفصیلات میں ترمیم کی اطلعات کیلئے تحریری نوٹس کے ساتھ ساتھ SMS اور ای میل(اس طرح کی معلومات فراہم کی جاتی ہے تو) کے ذریعے بھی اطلاع دیتا ہے۔ الیکٹر آن لائن ووٹر انفارمیشن انکوائری سسٹم پر رجوع کرکے (www.voterinfo.gov.hk) بھی اپنی تفصیلات دیکھ سکتا ہے۔

واپس اوپر جانے کے لئے

(س-21) ووٹر اندراج سے متعلق مزید سوالات کے جوابات کیلئے میں کس محکمے سے رجوع کر سکتا ہوں؟
ج-21) سوالات اور مزید معلومات کیلئے آپ کو رجسٹریشن اور انتخابی عمل کے دفتر 1001 2891 پر رجوع کرنا ہوگا یا ہمیں بذریعہ ای میل پر رجوع کریں

واپس اوپر جانے کے لئے

حقوقِ نقل و اشاعت 2007 || اہم اطلاعات
آخری نظر ثانی کی تاریخ : ستمبر ۲۰۱۸